بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ارہاصات کسے کہا جاتا ہے؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سیرتِ طیبہ کی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک لفظ "ارہاصات" استعمال ہوتا ہے، اس کا معنی ومطلب سمجھ نہیں آتا۔ براہِ کرم اس کی وضاحت فرمادیجیے۔

**سائل: ملک محمد یوسف، راجن پور**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی اور رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے پہلے چند ایسے واقعات ظاہر فرمائے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت کے اِثبات اور تصدیق کا مقدمہ بنے۔ "اِرہاص" کے معنیٰ "بنیاد" کے ہیں۔ چونکہ یہ واقعات بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے مقدمات بنے اس لیے انہیں "اِرہاصات" کہا جاتا ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**13- جمادی الثانی 1443ھ**

**17- جنوری 2022ء**